No. of Printed Pages : 7 **BUDAE-181**

# B. A. (HONOURS) (URDU)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

BUDAE-181 : STUDY OF CLASSICAL URDU GHAZAL

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ دکن میں اردو غزل پر نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

دہلی میں اردو غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

۲۔ مرزا غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

محمد قلی قطب شاہ کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۳۔ ولیؔ دکنی کا سوانحی خاکہ بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

خواجہ میر دردؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات پر نوٹ لکھیے۔

(حصہ ب)

۴۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔ ۱۵

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرتِ حق سے یہی، حوریں اگر واں ہوگئیں

نینداس کی ہے دماغ اس کا ہے، راتیں اس کی ہیں
تیری زلفیں جس کے بازو پر پریشاں ہوگئیں

میں چمن میں کیا گیا، گویا دبستاں کھُل گیا
بلبلیں سن کر مرے نالے غزل خواں ہوگئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج

مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

یا

مصحفی کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۱۵

تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے

جس لیے ہم آئے تھے، سو کر چلے

زندگی ہے، یا کوئی طوفان ہے ؟

ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا !

ایک دم آئے ادھر، اودھر چلے

شمع کے مانند ہم اس بزم میں

چشم تر آئے تھے، دامن تر چلے

ڈھونڈتے ہیں آپ سے اس کو پرے

شیخ صاحب، چھوڑ گھر باہر چلے

یا

خبر تحیر عشق سن، جنوں رہا، نہ پری رہی

نہ تو، تو رہا، نہ تو میں رہا، جو رہی سو بے خبری رہی

شہ بے خودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی

نہ خرد کی بخیہ گری رہی، نہ جنوں کی پردہ دری رہی

چلی سمتِ غیب میں کیا ہوا کہ چمن ظہور کا جل گیا

مگر ایک شاخِ نہاں غم، جسے دل کہو، سو پری رہی

نظرِ تغافل یار کا گلہ کس زباں سے بیاں کرو

کہ شراب صد قدح آرزو، خم دل میں تھی، سو بھری رہی

وہ عجب گھڑی تھی میں جس گھڑی لیا درس نسخۂ عشق کا

کہ کتاب عقل کی طاق میں جوں دھری تھی تیوں ہی دھری رہی

(حصہ ج)

۶۔ امام بخش ناسخ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔ ۲۰

یا

غزل کے فن پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

۷۔ میر تقی میرؔ کے حالاتِ زندگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۲۰

یا

اردو غزل کے تہذیبی، سیاسی، سماجی اور اقتصادی پس منظر پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔

××××××